**AQF / Adeel**

**14-11-2024**

**08.30 Hrs**

**HL-Opening**

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

**(Music)**

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں محمد عمار

پہلے اِس وقت کی خاص خاص خبریں

---

1 جھارکھنڈ میں دوسرے مرحلے اور مہاراشٹر میں واحد مرحلے کے اسمبلی انتخابات کی چناؤ مہم میں تیزی آ گئی ہے۔ وزیراعظم اور **BJP** کے سینئر رہنما نریندر مودی آج مہاراشٹر میں تین ریلیوں سے خطاب کریں گے۔

2. مرکز نے کوچنگ اداروں کے گمراہ کُن اشتہارات کو منضبط کرنے کیلئے نئے رہنما خطوط جاری کئے ہیں۔

3. بھارت کا **43** واں بین الاقوامی تجارتی میلہ نئی دلّی کے بھارت منڈپم میں آج شروع ہورہا ہے۔

4. سری لنکا میں نئی پارلیمنٹ منتخب کرنے کیلئے پولنگ جاری ہے۔

5. امریکہ کے نومنتخب صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے نیشنل انٹیلیجنس کے ڈائریکٹر کے طور پر تُلسی **Gabbard** کو اپنی کابینہ میں شامل کیا ہے۔

6. اور کرکٹ میں : تیسرے ٹی-ٹوینٹی بین الاقوامی میچ میں بھارت نے جنوبی افریقہ کو **11** رن سے ہرایا۔ چار میچوں کی سیریز میں بھارت کو دو-ایک کی سبقت حاصل ہوگئی ہے۔

**(Music)**

اب خبریں تفصیل سے۔

**JHARKHAND-CAMPAIGNING**

جھارکھنڈ میں پہلے مرحلے کے اسمبلی انتخابات کے مکمل ہوجانے کے بعد دوسرے مرحلے کی چناؤ مہم میں تیزی آ گئی ہے۔ دوسرے مرحلے کے انتخابات اس مہینے کی **20** تاریخ کو ہوں گے۔ **NDA** اور **I.N.D.I.A** بلاک دونوں کے لیڈروں کے آج کئی عوامی جلسوں سے خطاب کرنے کا پروگرام ہے۔ **BJP** کے سینئر لیڈر اور وزیر داخلہ امت شاہ آج ریاست میں انتخابی مہم میں حصہ لیں گے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے۔ **V-C K.K Lal**

*مرکزی وزیر داخلہ امت گریڈیہہ، **Gandey** اور بکارو میں تین چناؤ ریلیوں سے خطاب کریں*

گے۔ جبکہ اترپردیش کے وزیراعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ دھنباد، بکارو اور Bermo میں انتخابی ریلیاں کریں گے۔ جھارکھنڈ مکتی مورچہ کے سینئر لیڈر اور وزیراعلیٰ ہیمنت سورین دیوگھر، ڈمکا اور بکارو میں انتخابی جلسوں سے خطاب کریں گے۔ RJD، آل جھارکھنڈ اسٹوڈینٹ یونین اور بائیں بازو کی پارٹیوں کے رہنما بھی ریاست کے مختلف علاقوں میں چناؤ ریلیوں سے خطاب کریں گے۔ دوسرے مرحلے کی پولنگ 20 نومبر کو ہوگی، جبکہ ووٹوں کی گنتی 23 نومبر کو کی جائے گی۔

رانچی سے کے کے لال کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں......

## JHARKHAND POLL

جھارکھنڈ میں، کل ہوئے پہلے مرحلے کے اسمبلی انتخابات میں 66 فیصد سے زیادہ پولنگ ریکارڈ کی گئی۔ انتخابی کمیشن کے مطابق کھرساواں اسمبلی حلقے میں سب سے زیادہ 76 فیصد لوگوں نے اپنے حق رائے دہی کا استعمال کیا۔ اس مرحلے کے تحت 15 ضلعوں میں پھیلے ہوئے 43 حلقوں میں ووٹ ڈالے گئے۔ انتخابی کمیشن نے کہا ہے کہ ووٹنگ کے فیصد میں مزید اضافہ ہونے کا امکان ہے۔×

## JHARKHAND-GANDEY PROFILE

اسمبلی حلقوں کے انتخابی منظر نامے کی سیریز کے تحت آج ہم جھارکھنڈ کے گریڈیہہ ضلع میں واقع Gandey اسمبلی حلقے پر ایک نظر ڈالتے ہیں۔ اس حلقے میں دوسرے مرحلے کے تحت اس مہینے کی 20 تاریخ کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے۔ V-C K.K. Lal

یہ جنرل سیٹ ہے۔ کلپنا سورین مرمو، جھارکھنڈ مکتی مورچہ کے امیدوار کے طور پر اس سیٹ سے چناؤ لڑ رہی ہیں۔ محترمہ مرمو وزیراعلیٰ ہیمنت سورین کی اہلیہ اور اس سیٹ سے موجودہ MLA ہیں۔ انہوں نے گزشتہ انتخابات میں 27 ہزار سے زیادہ ووٹوں کے فرق سے جیت حاصل کی تھی۔ BJP نے مُنیا دیوی کو ٹکٹ دیا ہے اور وہ پہلی مرتبہ یہاں سے چناؤ لڑ رہی ہیں۔ جھارکھنڈ مکتی مورچہ نے 6 مرتبہ اس سیٹ پر جیت حاصل کی ہے۔ اگرچہ 6 آزاد امیدواروں سمیت کُل 15 امیدوار چناؤ میدان میں ہیں تاہم اصل مقابلہ جھارکھنڈ مکتی مورچہ کی کلپنا سورین مرمو اور BJP کی مُنیا دیوی کے درمیان ہے۔ بے روزگاری، نقل مکانی اور تعلیم اس اسمبلی حلقے کے بنیادی مسائل ہیں۔ اب دیکھنا یہ ہے کہ کلپنا سورین اس اہم سیٹ کو برقرار رکھ پاتی ہیں یا مُنیا دیوی جیت درج کرتی ہیں۔

رانچی سے کے کے لال کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے

**MAHARASHTRA CAMPAIGNING**

مہاراشٹر میں اسمبلی انتخابات کیلئے چناوٴ مہم میں تیز ہوگئی ہے۔ وزیراعظم اور BJP کے سینئر رہنما نریندر مودی آج ریاست میں تین ریلیوں سے خطاب کریں گے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے۔ **V-C Prarthana**

*وزیراعظم اور BJP کے سینئر لیڈر نریندر مودی آج چھترپتی سمبھاجی نگر اور پام ویل میں ریلیوں سے خطاب کریں گے۔ جناب مودی ممبئی میں چھترپتی شیواجی پارک میں بھی ایک ریلی سے خطاب کریں گے۔ امکان ہے کہ مہایوتی اتحاد کے تمام اہم لیڈر ریلی میں موجود رہیں گے۔ مرکزی وزیر نتن گڈکری Dharashiv، سولاپور اور سانگلی میں جلسہ عام سے خطاب کریں گے۔ دوسری طرف لوک سبھا میں اپوزیشن لیڈر اور کانگریس کے رہنما راہل گاندھی آج نندربار اور ناندیڑ میں چناوٴ مہم میں حصہ لیں گے۔ کانگریس صدر ملکا ارجن کھڑگے ایکت پوری اور پونے میں انتخابی مہم میں حصہ لیں گے۔ NCP-SP کے سربراہ شردپوار پونے کے مختلف حلقوں میں چناوٴ مہم میں حصہ لیں گے۔ شیوسینا یوبی ٹی کے سربراہ اُدھوٹھاکرے چھترپتی سمبھاجی نگر اور Ahilyanagar میں ریلیوں سے خطاب کریں گے۔ شیوسینا یوبی ٹی کے لیڈر آدتیہ ٹھاکرے بھی Raigad میں چناوٴ مہم میں حصہ لیں گے۔*

*ممبئی سے پرارتھنا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں......*

**PM-JANJATIYA GAURAV DIVAS**

وزیراعظم نریندر مودی جَن جاتیہ گورَو دیوس منانے کیلئے کل بہار کے جموئی کا دورہ کریں گے۔ اُن کے اس دورے سے 'دَھرتی آبا' بھگوان برسامنڈا کی 150 ویں سالگرہ کی تقریبات کا آغاز ہوگا۔ جناب مودی کل صبح بھگوان برسا منڈا کے اعزاز میں ایک یادگاری سکّہ اور ڈاک ٹکٹ بھی جاری کریں گے۔ وہ 6 ہزار 640 کروڑ روپے سے زیادہ کی مالیت کے متعدد ترقیاتی پروجیکٹوں کا افتتاح کریں گے اور سنگ بنیاد رکھیں گے۔ ان پروجیکٹوں کا مقصد خطے کے دیہی اور دور دراز کے علاقوں میں قبائلی طبقات کو خوشحال بنانا اور بنیادی ڈھانچے کو بہتر بنانا ہے۔×

**COACHING INSTUTUTE GUIDELINE**

صارفین کے تحفظ سے متعلق مرکزی اتھارٹی CCPA نے ایک رہنما خطوط جاری کیا ہے کہ تمام کوچنگ اداروں کو اپنے طلبا اور کورسز کے بارے میں ضروری اطلاع فراہم کرنی ہوں گی، تاکہ والدین اور امیدواروں کو گمراہ ہونے سے بچایا جا سکے۔ صارفین کے امور کی سیکریٹری ندھی کھرے نے نئی دلّی میں مختلف کوچنگ اداروں کے ذریعے استعمال کیے جانے والے

گمراہ کُن اشتہارات کے خلاف ایک مکمل رہنما خطوط جاری کیے ہیں۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے۔ V/C Aadarsh Kumar

رہنما خطوط کے مطابق کوچنگ اداروں کے لیے ضروری ہے کہ وہ اپنے کام کاج کے بارے میں کوئی بھی اعلان اور وضاحت کو نمایاں طور پر مشتہر کرے، جبکہ کمسن امیدواروں کی تصویر اور تصدیق نامہ کے استعمال کے لیے اُن کی رضامندی ضروری ہوگی۔ رہنما خطوط کے مطابق اداروں کو اپنی خدمات، سہولیات اور بنیادی ڈھانچے کے بارے میں صحیح اطلاع فراہم کرنی ہوں گی۔ رہنما خطوط میں کوچنگ، کوچنگ سینٹر اور انڈورسر جیسی اصطلاحات کی صاف صاف وضاحت کی گئی ہے۔ صارفین کے امور کی سکریٹری نے غلط اور غیر مصدقہ دعوؤں، ضمانتوں اور کامیابی کی شرح کی تشہیر کے خلاف بھی خبردار کیا ہے۔انہوں نے یو پی ایس سی سے متعلقہ 9 کوچنگ کا ذکر کیا ہے جنھوں نے پچھلے سال 2 ہزار 600 امیدواروں کے سلیکشن سے متعلق دعویٰ کیا تھا تاہم ایک ہزار کے لگ اَبھگ امیدوار اُس سال منتخب ہوئے تھے۔ CCPA نے اب تک 45 یو پی ایس سی کوچنگ اداروں کو نوٹس جاری کیے ہیں اور گمراہ کُن اشتہارات کے لیے 56 لاکھ روپے سے زیادہ کا جرمانہ بھی عائد کیا ہے۔ بار بار کی جانی والی خلاف ورزیوں پر اور زیادہ جرمانہ اور معطّلی بھی ہوسکتی ہے۔کوچنگ اداروں کے پاس صارفین کی شکایتوں کے ازالہ کا ایک فعال میکانزم بھی ہونا ضروری ہے۔ پچھلے سال ستمبر سے اس سال اگست کے درمیان قومی صارفین ہیلپ لائن کی مداخلت سے کوچنگ اداروں نے اب تک ایک کروڑ روپے سے زیادہ کی رقم واپس کیا ہے۔سکریٹری موصوفہ نے اجاگر کیا ہے کہ یہ رہنما خطوط صارفین کے لئے اعتماد اور شفافیت کا باعث بنے گا۔

نئی دلّی سے آدرش کمار کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلیے میں ......

**BREAK**

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

**GONG**

**IITF**

بھارت کا 43 واں بین الاقوامی تجارتی میلہ IITF آج نئی دلّی کے بھارت منڈپم میں شروع ہوگا۔ تجارت وصنعت کے وزیر پیوش گوئل 14 روزہ میلے کا افتتاح کریں گے۔ اس سال کے تجارتی میلے کا موضوع ہے ''2047 میں وکست بھارت''۔ اس سال توجہ مرکوز کی جانے والی ریاست جھارکھنڈ ہے، جبکہ بہار اور اترپردیش شراکت دار ریاستیں ہیں۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے۔ **V-C RAHISUDDIN**

*اس سال چین، مصر، ایران، جنوبی کوریا، تھائی لینڈ، ترکی اور متحدہ عرب امارات سمیت متعدد ممالک بین الاقوامی میلے میں شرکت کررہے ہیں، جس کا عرصے سے انتظار تھا۔ یہ تجارتی میلہ 18 نومبر تک پہلے پانچ دن، تجارت اور کاروبار کیلئے کھلا رہے گا۔ اس کے بعد یہ تجارتی میلہ 27 نومبر تک عام لوگوں کیلئے کھلا رہے گا۔ کاروبار کے دنوں کے دوران بالغوں کیلئے ٹکٹ کی قیمت 500 روپے ہوگی۔ بچوں کیلئے ٹکٹ کی قیمت گزیٹڈ چھٹیوں سمیت ختم ہفتہ کے دوران 200 روپے ہوگی۔ختم ہفتہ کے علاوہ دنوں کے دوران ٹکٹ کی قیمت 150 روپے ہوگی۔ کاروباری دنوں کے دوران بالغوں کیلئے ٹکٹ کی قیمت ختم ہفتہ کے ایام میں 150 روپے، جبکہ باقی دنوں میں ٹکٹ کی قیمت 80 روپے ہوگی۔ اسی طرح ہفتے کے آخری دنوں کے دوران بچوں کیلئے ٹکٹ کی قیمت 80 روپے، جبکہ باقی دنوں کیلئے 40 روپے ہوگی۔ اس کے علاوہ بزرگوں اور معذور افراد کیلئے کاروباری اور غیر کاروباری دنوں کے دوران داخلہ مفت رہے گا۔ یہ تجارتی میلہ صبح 10 بجے سے شام ساڑھے سات بجے تک کھلا رہے گا۔*

*رئیس الدین کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں......*

**JHIRI MELA**

جموں و کشمیر میں دس روزہ سالانہ جھیری میلہ، جو جموں شہر کے مضافات میں واقع جھیری گاؤں میں منایا جاتاہے، آج سے شروع ہورہا ہے۔

پیش ہے ایک رپورٹ۔ **VC- N Gulshan Raina**

*یہ میلہ سولہویں صدی کے ڈوگرہ ہیرو، انقلابی اور ایماندار کسان بابا جیتو کی عظیم قربانی کی یاد دلاتا ہے جو کہ ایک برہمن اور ماتا ویشنو دیوی کے عظیم عقیدت مند تھے۔ انہوں نے نا انصافی کے خلاف جدو جہد کی اور علاقے کے جاگیرداروں کے دھوکے کے شکار ہونے کے بعد اپنی جان دی۔ اس طرح سے انہوں نے انصاف اور صداقت کے لئے اپنی جان کا نذرانہ پیش کیا۔ زائرین بابا جیتو کو خراج عقیدت پیش کرنے کے لئے جھیری گاؤں آتے ہیں۔ یہ میلہ معاشرہ میں اتحاد، امانت داری ، سچائی، جرأت اور معصومیت کو فروغ دیتا ہے اور خطے کی بھرپور ثقافت کی علامت ہے۔*

*این گلشن رینا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لئے میں۔۔۔*

**SRI LANKA POLLING**

سری لنکا میں نئی پارلیمنٹ کے انتخاب کیلئے پولنگ کا عمل جاری ہے۔ ووٹنگ صبح سات بجے شروع ہوئی جو کہ مقامی وقت کے مطابق شام چار بجے تک جاری رہے گی۔ 225 سیٹوں کیلئے مجموعی طور پر 8 ہزار 800 امیدوار میدان میں ہیں۔
مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے۔ VC- Farooqi

**TRUPM-GABBARD**

امریکہ کے نومنتخب صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایک سابق ڈیموکریٹ تلسی Gabbard کو نیشنل انٹیلجنس کی ڈائریکٹر کے طور پر اپنی کابینہ کیلئے نامزد کیا ہے۔ چار بار رکن پارلیمان اور 2020 میں صدارتی امیدوار رہیں کرنل Gabbard مغربی ایشیا اور افریقہ کے جنگ زدہ علاقوں میں تعینات رہیں۔ وہ حال ہی میں ریپبلکن ممبر بنی تھیں۔ جناب ٹرمپ نے رکن پارلیمان Matt Gaetz کو امریکہ کا آٹارنی جنرل نامزد کیا ہے۔ امریکی صدر Marco Rubio کو وزیر خارجہ مقرر کرنے کا بھی اعلان کیا۔
اس دوران صدر جوبائیڈن نے اقتدار کی پرامن منتقلی کی علامت کے طور پر کل رات وائٹ ہاؤس کے Oval Office میں جناب ٹرمپ کا خیر مقدم کیا۔×

**WORLD DIABETIES DAY**

آج ذیابیطس کی روک تھام کا عالمی دن منایا جارہا ہے جس کا مقصد ذیابیطس کے بارے میں بیداری پیدا کرنا ہے جو کہ صحت عامہ سے متعلق ایک اہم چیلنج ہے جس سے دنیا بھر میں لاکھوں لوگ متاثر ہیں۔ ہر سال یہ دن ذیابیطس کی روک تھام، ابتدا میں ہی اس کا پتہ لگانے، موثر بندوبست اور علاج تک مساویانہ رسائی کیلئے جامع کارروائی کی غرض سے ہنگامی ضرورت کو نمایاں کرنے کے لئے منایا جاتا ہے۔
اس سال کا موضوع ’’ رکاوٹوں کو دور کرنا، خلا کو پُر کرنا‘‘ ہے جو کہ ذیابیطس کے علاج میں حائل رکاوٹوں کو دور کرنے اور اس بات کو یقینی بنانے کہ ذیابیطس میں مبتلا ہر فرد کو اعلیٰ معیار اور کفایتی علاج تک رسائی حاصل ہو، اجتماعی عہد بستگی پر زور دیتا ہے۔یہ حفظان صحت میں شمولیت کی حوصلہ افزائی کرتا ہے اور علاج میں عدم مساوات کو دور کرنے کے لئے حکومتوں، صحت سے متعلق اداروں اور لوگوں کے درمیان اشتراک پر زور دیتا ہے۔

**JAISHANKAR-PHILLIPINES**

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کہا ہے کہ بھارت اور فلپائن کے مابین روابط کی جڑیں جمہوری اقدار، تکثیری روایات اور اقتصادی مشترکات میں پیوستہ ہیں۔ نئی دلّی میں بھارت-فلپائن کے مابین سفارتی روابط کے 75 سال مکمل ہونے پر جشن

منانے کیلئے منعقد ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ دونوں ممالک بین الاقوامی قانون اور قواعد وضوابط کو برقرار رکھنے کیلئے عہد بند ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پچھلے کچھ سال میں خاص طور سے روابط میں کافی پیش رفت ہوئی ہے۔ وزیر خارجہ نے کہا کہ وزیراعظم نریندر مودی اور صدر **Ferdinand Marcos** نے اس کیلئے سمت طے کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ دفاعی اور سلامتی سے متعلق اشتراک میں بھی اضافہ ہوا ہے۔

ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ بھارت-فلپائن کے مابین رشتے کو بھارت کی ایکٹ ایسٹ پالیسی سے فطری طور پر فائدہ ہوا ہے۔ بھارت-فلپائن سفارتی تعلقات کے **75** سال مکمل ہونے پر ایک خصوصی **Logo** کا اجراء بھی عمل میں آیا۔×

## IMD WEATHER

بھارتی موسمیات محکمے نے تمل ناڈو، پڈوچیری،کرائیکل، **Mahe**، ساحلی آندھراپردیش، یانَم اور کرناٹک کے جنوبی اندرونی علاقوں میں آج گرج چمک کے ساتھ شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ موسمیات کے محکمے نے کہا ہے کہ ان علاقوں میں اس مہینے کی **16** تاریخ تک بارش کا سلسلہ جاری رہے گا۔ کونکن، گوا، وسطی مہاراشٹر اور رائل سیما کے علاقوں میں بھی آج گرج چمک کے ساتھ بارش ہونے کا امکان ہے۔

موسمیات کے محکمے نے مزید کہا ہے کہ ہریانہ، چنڈی گڑھ، دلّی، ہماچل پردیش، اترپردیش، راجستھان، مغربی بنگال کے ذیلی ہیمالیائی خطے، سکم، بہار اور جھارکھنڈ کے علاقوں میں اگلے **4** سے **5** روز کے دوران رات اور صبح کے اوقات میں کہیں ہلکی اور کہیں زیادہ دُھند چھائے رہنے کا امکان ہے۔ **IMD** نے مزید کہا ہے کہ ملک کے شمالی، مغربی اور مشرقی علاقوں میں اگلے پانچ روز کے دوران کم سے کم درجہ حرارت میں دو سے تین ڈگری سیلسیس کی کمی آنے کا امکان ہے۔ جبکہ ملک کے مغربی علاقوں میں اگلے تین روز کے دوران درجہ حرارت میں دو سے تین ڈگری سیلسیس کا اضافہ ہوسکتا ہے۔×

## SPORTS ROUND UP

مردوں کے کرکٹ میں؛ بھارت نے جنوبی افریقہ کو تیسرے ٹی ٹوئنٹی بین الاقوامی میچ میں **11** رن سے ہرا دیا ہے۔ یہ میچ کل رات سینچورین کے **Super Sports Park** میں کھیلا گیا تھا۔ چار میچوں کی سیریز میں بھارت کو دو-ایک کی برتری حاصل ہوگئی ہے۔ تِلک ورما کی شاندار سنچری اور ابھیشیک شرما کے پچاس رن کی بدولت بھارت نے جنوبی افریقہ کو کل رات سینچورین مین شکست دی۔ اس جیت کے ساتھ ہی بھارتی ٹیم نے میزبان پر غیر معمولی سبقت حاصل کرلی ہے۔ سیریز کا چوتھا اور فائنل مقابلہ کل جوہانسبرگ کے **Wanderers Stadium** میں کھیلا جائے گا جو کہ سیریز کا فیصلہ کن میچ ہوگا۔

خواتین کرکٹ میں؛ بی سی سی آئی نے بھارت، ویسٹ انڈیز اور آئرلینڈ کے خلاف ہونے والے آئندہ گھریلو سیریز کے شیڈول کا اعلان کردیا ہے۔ بھارتی ٹیم اگلے ماہ کی **15** تاریخ سے ویسٹ انڈیز کے خلاف تین میچوں کی ٹی ٹوئنٹی سیریز

کھیلے گی۔ اس کے بعد گجرات کے شہر بڑودہ میں تین یک روزہ بین الاقوامی میچ ہوں گے۔ اس کے بعد وہ جنوری میں گجرات کے راجکوٹ میں تین میچوں کی یک روزہ سیریز آئرلینڈ کیخلاف کھیلے گی۔ دونوں سیریز ICC خواتین چمپئن شپ کا حصہ ہیں۔

بیڈمنٹن میں بھارت کی دو بار کی میڈلسٹ پی وی سندھو Kumanoto میں جاپان ماسٹرس 2024 کے راؤنڈ آف 16 میں کناڈا کی مِشیل لی کے خلاف کھیلیں گی۔ دونوں شٹلرس 14 مرتبہ ایک دوسرے کا سامنا کرچکی ہیں۔ سندھو نے دس مقابلے جیتے ہیں۔ اس سے قبل بھارت کے لکشیہ سین کو ملیشیا کے Leong Jun Hao کے خلاف سخت مقابلے کے بعد باہر ہونا پڑا۔

خواتین کے ہاکی ایشین چمپئن ٹرافی 2024 میں بھارت آج شام راجگیر میں اپنے تیسرے میچ میں تھائی لینڈ سے مقابلہ کرے گا۔ دیگر میچوں میں جنوبی کوریا کا مقابلہ ملیشیا سے ہوگا جبکہ جاپان کا مقابلہ چین سے دوپہر کو ہوگا۔ ٹینس میں روہن بوپنا اور میتھو ایبڈن کی بھارتی اور آسٹریلیا کی جوڑی Bab Bryan Group کا اپنا دوسرا میچ کل پالا Alpitour کورٹ میں El Salvador کے مارسیلو اور کروشیا کے میٹ Pavic کے خلاف ہار گئی۔اس شکست سے ان کی سیمی فائنل میں پہنچنے کی امید خطرے میں پڑ گئی ہے۔ بوپنا اور ایبڈن اب تک صرف ٹاپ چار میں جگہ بناسکے ہیں۔×

<u>یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔</u>

**<u>GONG</u>**

**<u>PRESS COMMENTS</u>**

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ...... فہیم احمد

شکریہ – محمد عمار

قومی راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے بیشتر اردو اخبارات نے جھارکھنڈ اسمبلی انتخابات سے متعلق خبر کو اپنی شہ سرخی بنایا ہے۔ اخبار پرتاپ کی سرخی ہے جھارکھنڈ چناؤ کے پہلے مرحلے میں 66 فیصد ووٹ پڑے۔ 10 ریاستوں کی 31 اسمبلی سیٹوں اور کیرالہ کی وائناڈ لوک سبھا سیٹ پر بھی ضمنی انتخابات ہوئے۔ وزیر اعظم کے ہاتھوں بہار کے دوسرے ایمس کا سنگ بنیاد رکھے جانے کی خبر کو روزنامہ راشٹریہ سہارا نے نمایاں طور پر شائع کیا ہے۔

اخبار انقلاب کی ایک سرخی ہے جے شنکر سے سعودی عرب کے وزیر خارجہ کی ملاقات، بھارت اور سعودی عرب میں تعاون کی نئی راہیں تلاش کرنے پر غور۔ اس خبرت کو اخبار ملاپ نے بھی اہمیت دی ہے۔ ہندوستان ایکسپریس لکھتا ہے میکسیکو کے سفیر نے اسرو کے چیئرمین سے ملاقات کی۔

اخبار کی اہم بین الاقوامی خبریں اس طرح ہیں:

لبنان میں اسرائیلی فضائی حملے میں 33 افراد جبکہ فلسطین میں 25 افراد ہلاک۔

اقوام متحدہ کی غزہ میں 50 ہزار سے زائد بچوں کے فوری علاج میں مدد کی اپیل۔
امریکہ میں نیا ریکارڈ، 50 ریاستوں میں سے 13 ریاستوں میں خاتون گورنر منتخب۔
انڈونیشیا کے سیاحتی جزیرے بالی کے قریب آتش فشاں پھٹنے سے پروازیں منسوخ۔

## آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1 جھارکھنڈ میں دوسرے مرحلے اور مہاراشٹر میں واحد مرحلے کے اسمبلی انتخابات کی چناؤ مہم میں تیزی آ گئی ہے۔ وزیراعظم اور BJP کے سینئر رہنما نریندر مودی آج مہاراشٹر میں تین ریلیوں سے خطاب کریں گے۔

2. مرکز نے کوچنگ اداروں کے گمراہ کُن اشتہارات کو منضبط کرنے کیلئے نئے رہنما خطوط جاری کئے ہیں۔

3. بھارت کا 43 واں بین الاقوامی تجارتی میلہ نئی دلّی کے بھارت منڈپم میں آج شروع ہورہا ہے۔

4. سری لنکا میں نئی پارلیمنٹ منتخب کرنے کیلئے پولنگ جاری ہے۔

5. امریکہ کے نومنتخب صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے نیشنل انٹیلیجنس کے ڈائریکٹر کے طور پر تُلسی Gabbard کو اپنی کابینہ میں شامل کیا ہے۔

6. اور کرکٹ میں : تیسرے ٹی-ٹوینٹی بین الاقوامی میچ میں بھارت نے جنوبی افریقہ کو 11 رن سے ہرایا۔ چار میچوں کی سیریز میں بھارت کو دو-ایک کی سبقت حاصل ہوگئی ہے۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

---------------------------------------